Urdu

EALD

# گھر کی زبانیں اہم ہیں

## | گھرانوں کے لیے معلومات

Government of South Australia
Department for Education

## آپ گھر میں کونسی زبان/زبانیں بولتے ہیں؟

- انگلش کے علاوہ دوسری زبان/زبانیں
- سٹینڈرڈ آسٹریلین انگلش کے علاوہ انگلش کا کوئی اور لہجہ

## سٹینڈرڈ آسٹریلین انگلش سے کیا مراد ہے؟

سٹینڈرڈ آسٹریلین انگلش (SAE) انگریزی زبان کا وہ لہجہ (قسم) ہے جو آسٹریلیا میں میڈیا میں، حکومتی سطح پر، تعلیم اور سماجی خدمات میں اور بیشتر کام کی جگہوں پر استعمال ہوتا ہے۔

اکثر آسٹریلین پری سکولوں اور سکولوں میں تدریس اور سیکھنے کے لیے SAE استعمال ہوتی ہے۔ .

مزید معلومات کے لیے یہاں ای میل کریں
**Education.EALDcurriculum@sa.gov.au**

ڈیپارٹمنٹ فار ایجوکیشن درخواست کرتا ہے کہ اس کا ذکر ایسے کیا جائے:
ساؤتھ آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ فار ایجوکیشن، گورنمنٹ آف ساؤتھ آسٹریلیا | **اپریل 2023**
ساؤتھ آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ فار ایجوکیشن، گورنمنٹ آف ساؤتھ آسٹریلیا | **اپریل 2023**

## سکول کے ساتھ کمیونیکیشن

اساتذہ آپ کے بچے کو سکول کی تعلیم میں سہارا دینے کی خاطر گھر کی زبانیں استعمال کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

آپ سکول کو اپنے گھر میں بولی جانے والی زبانوں کے متعلق ایسے بتا سکتے ہیں:

- سکول کے داخلہ فارم پر لکھ دیں
- اپنے بچے کے کلاس روم ٹیچر یا ہوم گروپ ٹیچر یا سکول کے دفتری عملے سے بات کریں
- سکول کی کمیونیکیشن ایپس استعمال کریں۔

آپ کو بچے کے سکول سے بات کرنے میں مدد دینے کے لیے ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں۔ یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے اپنے سکول سے مدد مانگیں۔

## گھر کی زبانیں کیوں اہم ہیں

گھر میں انگلش کے علاوہ کوئی اور زبان (یا اپنی پہلی زبان) استعمال کرنے سے ممکن ہے کہ سکول میں انگلش سیکھنے میں کم وقت لگے اور آسانی رہے۔

گھر کی زبانیں برقرار رکھنے سے:

- تعلیمی کامیابی میں مدد مل سکتی ہے
- یادداشت اور توجہ قائم رکھنے کی صلاحیت بہتر ہو سکتی ہے
- رشتہ داروں، کمیونٹی اور کلچر سے مضبوط تعلق بنانے میں مدد مل سکتی ہے
- بچوں کو دو زبانیں یا کئی زبانیں برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے
- دنیا کو دیکھنے کے لیے کئی نقاط نظر مہیا ہو سکتے ہیں۔

## اپنے بچے کو گھر کی زبانیں برقرار رکھنے کےلیے مدد دینا

ان مواقع پر اپنے بچے کو گھر کی زبانیں استعمال کرنے کی ترغیب دیں:

- پڑھتے، گاتے اور گیمز کھیلتے ہوئے
- کہانیاں سناتے ہوئے اور روایات اور کلچر کے بارے میں بتاتے ہوئے
- جب بچہ اپنی دلچسپی کے کام کر رہا ہو (جیسے کھیل، موسیقی، کھانا پکانا)
- مقامی لائبریری یا کمیونٹی گروپ سے چیزیں ادھار لیتے ہوئے
- ایپس چنتے اور استعمال کرتے ہوئے
- فلم دیکھتے ہوئے آڈیو یا سب ٹائٹلز چنتے ہوئے
- چھوٹی عمر سے لکھنے کا شوق دلاتے ہوئے
- بچے کو ہوم ورک میں مدد دیتے ہوئے

## سکول میں سٹینڈرڈ آسٹریلین انگلش سیکھنا (SAE)

آپ کے بچے کو سکول میں SAE سیکھنے کے لیے مدد اس طرح دی جا سکتی ہے کہ وہ کسی سپیشلسٹ ٹیچر اور/یا اپنی زبان بولنے والے کسی شخص کے ساتھ اکیلا سیکھے یا چھوٹے گروپ میں شامل ہو کر سیکھے۔

آپ کے بچے کو ان کاموں کے لیے بھی مدد مل سکتی ہے:

- SAEبولنے کی صلاحیت بڑھانا
- نئی آوازیں اور گرامر سیکھنا
- SAE پڑھنا اور لکھنا
- SAE سیکھنے میں اپنی لسانی اور تہذیبی فہم کو شامل کرنا
- سیکھنے کے کام کرتے ہوئے زیادہ وقت مہیا ہونا